
Staffordshire and Stoke-on-Trent Integrated Care System

NHS

# LeDeR – سیکھنے کی معذوری کے حامل افراد اور آٹسٹک افراد کی زندگیوں اور اموات سے آگہی حاصل کرنا

# Learning from Lives and Deaths of People)
# with a Learning Disability and Autistic People,
# (LeDeR





آسان مطالعاتی معلومات

# LeDeR کیا ہے



LeDeR، NHS کا ایک ایسا پروگرام ہے جو سیکھنے کی معذوری کے حامل افراد اور آٹسٹک افراد کے لیے خدمات کو بہتر بنانے کے لیے پُرعزم ہے۔




NHS England and NHS Improvement

LeDeR کا آغاز 2017 میں ہوا تھا اور اس کی فنڈنگ NHS انگلینڈ اور NHS امپرووومنٹ کے ذریعے کی گئی تھی۔



LeDeR سیکھنے کی معذوری کے حامل افراد کی اموات کا جائزہ لینے والا دنیا کا پہلا پروگرام تھا۔

LeDeR درج ذیل مقاصد کے لیے کام کرتا ہے:



- سیکھنے کی معذوری کے حامل افراد اور آٹسٹک افراد کے لیے صحت اور سماجی نگھداشت کو بہتر بنایا جائے۔



- نگھداشت میں بہتری لا کر لوگوں کے جلد موت کا شکار ہونے کو روکا جائے۔



- سیکھنے کی معذوری کے حامل افراد اور آٹسٹک افراد کے لیے صحت کی عدم مساوات کو کم کیا جائے۔




صحت کی عدم مساوات صحت کے حوالے سے روا رکھے جانے والے وہ امتیازات ہیں جو غیر منصفانہ ہیں اور جن سے بچا جا سکتا ہے۔

# LeDeR جائزے



LeDeR جائزہ ان چیزوں کا معائنہ کرتا ہے جن کا سامنا فرد کو صحت اور سماجی نگہداشت کے دوران ہوا۔


ہم LeDeR جائزے کا انعقاد کرتے ہیں تاکہ:



- ان اچھی چیزوں کے بارے میں جان سکیں جو کسی فرد کی نگہداشت کے دوران واقع ہوئیں۔



- یہ معلوم کر سکیں کہ صحت اور نگہداشت کے کن شعبوں میں بہتری لائی جا سکتی ہے۔




ہم اچھے واقعات کی مثالوں کا اشتراک پوری کاؤنٹی میں کرتے ہیں۔

## میں کسی موت کی اطلاع کیسے دوں؟



کوئی بھی فرد ذیل میں دیے گئے آن لائن فارم کا استعمال کرتے ہوئے کسی ایسے فرد کی موت کی اطلاع دے سکتا ہے جو:

- 18 برس یا اس سے زائد عمر کا تھا، اور
- سیکھنے کی معذوری کا شکار تھا یا آٹسٹک تھا۔



اس فارم کو مکمل کرنے میں تقریباً 15 منٹ لگیں گے۔

[www.leder.nhs.uk/report](http://www.leder.nhs.uk/report)



18 سال سے کم عمر کے بچے یا نوجوان کی موت کی اطلاع دینے کے لیے، براہ کرم درج ذیل پر جائیں:

[www.gov.uk/government/publications/child-death-reviews-forms-for-reporting-child-deaths](http://www.gov.uk/government/publications/child-death-reviews-forms-for-reporting-child-deaths)

# مزید معلومات

آپ LeDeR سے متعلق مزید معلومات NHS کی ویب سائٹ www.leder.nhs.uk یا
www.leder.nhs.uk/?view=article&id=69:leder-leaflet-for-families-english
سے حاصل کر سکتے ہیں



موت کی اطلاع دینے کے طریقے سے متعلق مزید معلومات کے لیے، براہ کرم یہ ویڈیو ملاحظہ کریں: www.youtube.com/watch?v=iVYWqAjahv8&t=153s

قومی سالانہ رپورٹس:
www.leder.nhs.uk/resources/annual-reports

مقامی LeDeR پروگرام کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، براہ کرم رابطہ کریں:

leder.programme@nhs.net



اس کتابچے کے مطالعے کے لیے وقت نکالنے پر آپ کا شکریہ۔

تمام تصاویر کا حق اشاعت Change کے پاس محفوظ ہے www.changepeople.org